www.Padasalai.Net - No.1 Educational Website in Tamilnadu

# XI . KEY ANSWER LANGUAGE - PART I - MARCH 2023

SUBJECT : URDU    MAXIMUM MARKS; 90

## حصہ اول / PART - 1

ذیل کے صحیح جواب کا انتخاب کر کے اپنے جوابی پرچے پر لکھیے: 14 x 1 = 14

(1) د۔ایران (2) د۔ میدان کربلا (3) ج۔ چھ (4) ب۔ڈاک بنگلہ

(5) ج۔الحاوی (6) الف۔نظیر (7) د۔منفی (8) ب۔ بکریاں

(9) د۔قرآنی آیتوں (10) ب۔سچا (11) ج۔غزل (12) الف۔ظالم

(13) ج۔ وزنی (14) ب۔تضاد

## حصہ دوم۔سکشن۔1

کسی تین سوالات کے جوابات لکھیے: 3x2=6

(15) مسدس میں کتنے مصرعے پائے جاتے ہیں؟

مسدس میں چھ مصرعے پائے جاتے ہیں

(16) ختم الانبیاء سے کون مراد ہیں؟

ختم الانبیاء سے مراد حضرت محمد ﷺ ہیں۔

(17) شاعر حفیظ الرحمٰن کا تخلص کیا ہے؟

شاعر حفیظ الرحمٰن کا تخلص واصفؔ ہے۔

(18) مرثیہ کی تعریف کیجئے؟

مرثیہ اردو شاعری کی ایک قسم ہے جس میں عام طور پر کسی مرے ہوئے شخص کی تعریف وتوصیف بیان کی جاتی ہے۔عام طور پر مرثیہ میں حضرت حسینؓ اور ان کے خاندان کا کربلا کے میدان میں شہید ہونے کے واقعہ کو پیش کیا جاتا ہے۔

## سکشن۔2

کسی دو سوالات کے جوابات لکھیے: 2x2=4

(19) سبر امنیم بھارتی کس زبان کے شاعر تھے؟ سبر امنیم بھارتی اردو زبان کے شاعر تھے

(20) رسول اکرم ﷺ کو کس سال نبوت سے سرفراز کیا گیا؟

رسول اکرم ﷺ کو چالیس سال کی عمر میں نبوت سے سرفراز کیا گیا۔

Kindly send me your questions and answerkeys to us : Padasalai.Net@gmail.com

Scanned with CamScanner

(21) ''الحاوی'' کس کی تصنیف ہے؟

الحاوی امام رازی کی تصنیف ہے۔

سکشن۔ 3

کسی سات سوالات کے جوابات مختصر لکھئے۔ 7x2=14

(22) املاء درست کریں

(الف) سبح صویرے اٹھا کرو جواب: صبح سویرے اٹھا کرو

(ب) میرا وتن وہی ہے جواب: میرا وطن وہی ہے

(23) صحیح اردو میں لکھئے:

(الف) تمے کاں جاتیئیں سو جواب: تم کہاں جا رہے ہو

(ب) وہاں جاؤنکو جواب: وہاں مت جاؤ

(24) ''جملہ'' کی تعریف کیجئے۔

الفاظ کے ایسے مجموعے کا نام ہے جس سے بات پوری طرح سمجھ میں آجائے۔

(25) معین چالاک ہے۔اس میں مبتدا،خبر بتائیے معین مبتدا اور چالاک ہے خبر

(26) اردو زبان کا پرانا نام کیا ہے۔ اردو زبان کا پرانا نام ریختہ ہے

(27) تخلص کیا ہے؟ مثال دیجئے

تخلص وہ چھوٹا سوا نام جو شاعر اپنے کلام کے آخری مصرعہ میں پیش کرتا ہے جیسے غالبؔ، اقبالؔ

(28) ذیل کے محاورات کے معنی لکھئے

آگ بگولہ ہونا : بہت غصہ ہونا آب آب ہونا : شرمندہ ہونا

(29) درج ذیل شعر کو پڑھ کر سوالات کے جواب دیجئے۔

گلشن : باغ قفس : پنجرہ

(30) اکبر نے کہا: آج ضرور بارش ہوگی۔''

اکبر نے کہا کہ آج ضرور بارش ہوگی

حصۂ سوم۔سکشن- 1

کسی دو سوالات کے جوابات لکھئے 2x4=8

(30) مرزا غالبؔ کا مکمل نام کیا ہے؟ مرزا غالبؔ کا پورا نام مرزا اسداللہ خان غالبؔ ہے۔



Scanned with CamScanner

www.Padasalai.Net - No.1 Educational Website in Tamilnadu

(32) دینِ فطرت کی بنیاد کس پر رکھی گئی ہے؟۔

دینِ فطرت کی بنیاد صداقت اور سچائی پر رکھی گئی ہے۔

(33) علامہ اقبالؔ کو ''سر'' کا خطاب کس حکومت نے عطا کیا تھا؟۔

علامہ اقبال کو ''سر'' کا خطاب برطانیہ کی حکومت نے عطا کیا تھا۔

(34) ''خانہ خراب'' کا مطلب کیا ہے؟

خانہ خراب کا مطلب اجڑا ہوا گھر ہے۔

## سکشن۔2

کسی دو سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ 2x4=8

(35) مغرور دولت مند کا انجام کیا ہوا؟

گردش زمانہ کی وجہ سے مغرور دولت مند شخص کی دولت ختم ہوگئی اور وہ پیسے پیسے کا محتاج ہوگیا۔

(36) امام رازی کس صدی کے سائنس دان تھے؟

امام رازی نویں صدی عیسوی کے سائنس دان تھے۔

(37) تحریک آزادی کے چند مشہور علماء کے نام لکھیے۔

مولانا حسین احمد مدنی، مولانا جعفر علی تھانیسری، امداد اللہ صاحب مہاجر مکی، مولانا محمد قاسم نانوتوی، حاجی عابد حسین، مولانا رشید احمد گنگوہی وغیرہ۔

(38) طائف والوں نے حضرت محمد ﷺ کے ساتھ کیسا سلوک کیا۔

طائف کے سرداروں نے شہر کے شریر لڑکیوں کو آپ کے پیچھے لگا دیا کہ وہ آپؐ پر پتھر برسائیں۔ آپ کا جسم مبارک خون سے تر ہوگیا۔

## سکشن۔3

ذیل کے کسی تین کے جواب لکھیے۔ 3x4=12

(39) حاسد نے وفادار شخص کو کھانے میں کیا چیز کھلائی۔

حاسد نے وفادار شخص کو لہسن کھلائی۔

(40) مسافر کے تین سوال کیا تھے؟

پہلا سوال: اس بادشاہ کے ملک کا مرکز کہاں ہے؟ دوسرا سوال: آسمان میں ستارے کتنے ہیں۔

تیسرا سوال: بادشاہوں کے بادشاہ کا کیا کام ہوتا ہے۔

Kindly send me your questions and answerkeys to us : Padasalai.Net@gmail.com

Scanned with CamScanner

www.Padasalai.Net - No.1 Educational Website in Tamilnadu

(41) خط نویسی: تاریخ، پتہ، القاب، مضمون، مکتوب الیہ کا پتہ وغیرہ مکمل ہونے کی صورت میں پورے نمبرات دئے جائیں ورنہ مناسب نمبرات دئے جائیں۔

(42) مناسب الفاظ کی مدد سے مضمون مکمل کیجئے، اس کے لئے ایک عنوان دیجئے؟

ہندوستان انگریزوں کی غلامی سے 15 آگست 1947 کو آزاد ہوا۔ اس سے پہلے ہندوستان میں انگریزوں کی حکومت تھی۔ مہاتما گاندھی، سردار ولبھ پٹیل اور مولانا آزاد نے آزادی کی جدوجہد میں جان کی قربانی پیش کی۔ بالآخر ہندوستان سے انگریز نکل گئے۔

عنوان: تحریک آزادی

(43) ذیل کے شعر کی بحوالۂ متن تشریح کیجئے

انسان ہے جو بے حد پریشاں        اپنے کئے کا پھل کھا رہا ہے

نظم: غزل        شاعر کا نام: ابوالبیان حماد

شاعر اپنی غزل میں کہتے ہیں کہ انسان پریشان اس لئے ہے کہ وہ اپنے کئے کے اعمال کا پھل پا رہا ہے۔

## حصۂ چہارم

ذیل کے سوالوں کا جواب تفصیلی طور پر لکھئے، جواب دو صفحوں سے زیادہ نہ ہو        3x6=18

(44) حمد کا خلاصہ لکھئے (یا) ہندوستانی بچوں کا قومی گیت اس کا خلاصہ لکھئے

شاعر کا نام، تعارف، نظم کا خلاصہ مکمل ہونے کی صورت میں پورے نمبرات دئے جائیں۔

(45) امام رازی کی حالات زندگی وسائنسی خدمات پر تفصیل سے لکھئے۔        یا

''دلیر لڑکا'' اس سبق کا مکمل خلاصہ لکھئے۔

تمہید، مضمون، خاتمہ، اور دیگر نکات مکمل ہونے کی صورت میں پورے نمبرات دئے جائیں۔

(46) (a) کہانی '' تین سوال'' سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟ تفصیل سے لکھئے        (یا)

(b) '' طوفان حیات کا ایک ورق'' اس کہانی کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

تمہید، مضمون، خاتمہ، اور دیگر نکات مکمل ہونے کی صورت میں پورے نمبرات دئے جائیں۔

## حصہ پنجم

(47) اپنی یادداشت کے سہارے نظم لکھئے        4+2=6

(الف) نہ ہو لب پہ کوئی شکوہ.........        سے        وہ صدا کہاں سے لاؤں (تک)

(ب) فرصت کا رفقط چار..........        سے        در پہ کھڑی ہے یارو (تک)

Kindly send me your questions and answerkeys to us : Padasalai.Net@gmail.com

Scanned with CamScanner

نہ ہو لب پہ کوئی شکوہ، وہ رضا کہاں سے لاؤں
کوئی سن سکے نہ جس کو، وہ صدا کہاں سے لاؤں
ملکوت کے عنادل، جسے سن کے جھوم اٹھیں
وہ ترانہ کس سے سیکھوں، وہ نوا کہاں سے لاؤں
تیرے آستاں سے اٹھوں، تو میں جاؤں کس کے در پر
جو ہو بے مثال تجھ سا، وہ خدا کہاں سے لاؤں
دل زار کی کہانی، میں سناؤں کس کو یارب
وہ سماں شکستگی کا، وہ صدا کہاں سے لاؤں

www.Padasalai.Net

فرصت کار فقط چار گھڑی ہے یارو
یہ نہ سوچو کہ ابھی عمر پڑی ہے یارو
اپنے تاریک مکانوں سے تو باہر جھانکو
زندگی شمع لئے در پہ کھڑی ہے یارو

نظم کے اشعار ترتیب سے ہونے کی صورت میں مکمل نمبرات دئے جائیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆



Scanned with CamScanner